# باب-14 اعداد وشمار کا کھیل

رنجن کی استانی آج چھٹی پر تھی۔ درجہ کے بچوں نے سوچا میدان میں جا کر کچھ کھیلیں۔ سبھی بچے کھیلوں کا نام ایک ساتھ بولنے لگے۔ اس سے درجہ میں شور غل ہونے لگا۔ رنجن اور اس کے دوستوں نے سوچا معلوم کیا جائے کہ کون کیا کھیلنا چاہتا ہے انہوں نے کہا چلو ایک جدول بنائیں جس سے معلوم ہوگا کہ زیادہ ساتھی کیا کھیلنا چاہتے ہیں۔

| کھیل کے نام | کتنے بچوں کو پسند ہے |
|---|---|
| پٹو | 5 |
| گولی | 8 |
| کرکٹ | 5 |
| گلی۔ڈنڈا | 4 |

جدول دیکھکر بتایئے۔ درجہ میں سب سے زیادہ بچے کون سا کھیل کھیلنا پسند کرتے ہیں؟ ..............................

کون سا کھیل کم بچے پسند کرتے ہیں؟ ..............................

پٹو کھیلنے والے کتنے بچے ہیں؟ ..............................

آپ بھی درجہ ذیل جدول میں اپنے درجہ کے سبھی بچوں سے انکا پسندیدہ کھیل پوچھکر کھیل کا نام اور کتنے بچے پسند کرتے ہیں لکھیئے۔

| کھیل | کھیل پسند کرنے والے بچوں کی تعداد |
|---|---|
| چھوا۔چھوئی | .................. |
| کبڈی | .................. |
| کھوکھو | .................. |
| رسی کود | .................. |
| لمبی کود | .................. |

اپنے درجہ کیلئے بنائی گئی جدول کی مدد سے ذیل سوالوں کا جواب دیجئے۔

کون سا کھیل بچوں کو سب سے زیادہ پسند ہے؟ ..............................................

کتنے بچوں کو چھوا۔ چھوئی پسند ہے؟ ..............................................

بچوں کو کھو کھو پسند ہے یا کبڈّی؟ ..............................................

لمبی کود کتنے بچوں کو پسند ہے؟ ..............................................

کون سا کھیل سب سے کم بچوں کو پسند ہے۔ ..............................................

ایک محلے کے بچے ایک کھیل کھیل رہے تھے۔ کھیل یہ تھا کہ سڑک پر ایک گھنٹے میں گذرنے والی سبھی گاڑیوں کو گننا۔ بچے تو گاڑیوں کو زور زور سے بول کر گننے میں لگے ہوئے تھے تبھی ایک بچے کی بڑی بہن نے یہ مشورہ دیا کہ الگ الگ طرح کی گاڑیوں (جیسے، کاروں، اسکوٹروں، بسوں وغیرہ) کو الگ الگ گنیں۔ کچھ دیر میں بچوں نے گنتی کا ریکارڈ رکھنے کا ایک کامیاب طریقہ ڈھونڈ لیا۔ انہوں نے ہر قسم کے گاڑیوں کیلئے ایک الگ الگ خانہ بنالیا اور ہر گاڑی کے گذرنے پر اس کے گھر میں ایک لکیر بنا دی جیسے

| گاڑیوں کے نام | عدد |
|---|---|
| کار | IIII |
| بس | II |
| اسکوٹر | IIIII |
| سائیکل | IIIIIIII |

ہر گاڑی کے سامنے کی لکیروں کو گن کر روہنی نے اس کی تعداد معلوم کر لی۔ چھوٹے بھائی روی نے پوچھا، ایسا کیوں؟ تو وہ بولی ہر لکیر ایک گاری کی نشاندہی کرتی ہے۔ اس لئے سائیکل کے سامنے کی ساری لکیروں کو گنکر پتا چل جائے گا کہ کتنی سائیکل گزری تھی۔ اس لکیر کو میلان نسان (ٹیلی نشان) بھی کہتے ہیں۔ آپ بھی اپنے گھر کے باہر کھڑے ہوکر یہ جدول بنا سکتے ہیں۔ ایک گھنٹے میں گذرنے والی گاڑیوں کی تعداد معلوم کیجئے۔

## انہیں بھی کر کے دیکھیے۔

اپنے کتاب کا کوئی بھی ایک صفحہ کھولیئے۔ معلوم کیجئے اس صفحہ پر الف، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ حرف کتنے دفعہ آتے ہیں؟ (اگر صفحہ پر بہت زیادہ الفاظ ہو تو صفحہ کا کچھ ہی حصہ لے سکتے ہیں)

(i) انہیں گننے کی کوشش کیجئے۔ (خیال رہے، سبھی حرفوں کو الگ الگ گنتی کرنی ہے) اسے دھیرے دھیرے دھیان سے کرنا ہوگا۔

(ii) ظاہر ہے ٹیلی نشان کا استعمال کرنا ہوگا۔

| حرف | ٹیلی نشان |
|---|---|
| الف | |
| ب | |
| پ | |
| ت | |
| ٹ | |

| حرف | ٹیلی نشان |
|---|---|
| ث | |
| ج | |
| چ | |
| ح | |
| خ | |

جدول کے مطابق بتائیے کہ

(i) کون سا حرف سب سے زیادہ دفعہ آیا ہے؟ ..........................


(ii) کون سا حرف سب سے کم دفعہ آیا ہے؟ ..........................

(iii) ایسے دو حرف بتایئے جو زیادہ دفعہ آئے ہیں؟ ..........................

(iv) الف اور ب میں کون زیادہ ہے؟ ..........................

(v) ایسے دو حرف بتایئے جو سب سے کم دفعہ آئے ہیں؟ ..........................

درج ذیل خطی تصویر بچوں کے ذریعہ پسند کیے جانے والے مختلف کھیلوں کو ظاہر کرتی ہے۔




ایک شکل 5 بچوں کو ظاہر کرتی ہے۔

(i) بچوں کو کون سا کھیل سب سے زیادہ پسند ہے؟

(ii) بچوں کو کون سا کھیل سب سے کم پسند ہے؟

(iii) کتنے بچوں کو کرکٹ پسند ہے؟

(iv) بچے کون سا کھیل زیادہ پسند کرتے ہیں، بیڈمنٹن یا ہاکی؟

(v) ٹینس یا کرکٹ پسند کرنے والے کل کتنے بچے ہیں؟

ذیل کے خطی تصویروں کو دیکھئے۔

1 پھل کا تصویر = 10 پھل



**اب بتایئے:**

(i) یہ خطی تصویر کس کے بارے میں بتاتی ہے؟ ....................

(ii) ہر ایک پھل کی تصویر کتنی تعداد کو ظاہر کرتی ہے؟ ....................

(iii) سب سے زیادہ تعداد میں کون سا پھل ہے؟ ....................

(iv) کون سا پھل برابر تعداد میں ہے؟ ....................

(v) جدول میں پھلوں کی کل تعداد کتنی ہے؟ ....................

(vi) آپ نے کل تعداد کیسے حاصل کیا؟ اپنے جواب کی وجہ بھی بتائیے؟

..........................................................................

..........................................................................

**اب آپ کیجئے:**

پروین کے گاؤں میں 40 گھر ہیں۔ جس میں 16 جھونپڑیاں ہیں۔ 5 گھر پکے ہیں جنکی چھتیں کھپرول اور 7 گھروں کی چھتیں پکی ہیں۔ 12 پکے مکان ہیں جو دومنزلہ ہیں۔ اس جانکاری کے مطابق ایک خطی تصویر بنایئے۔

اب جدول کے بنیاد پر سوالات بنائیے یا جدول کے بنیاد پر پانچ باتیں بتایئے جو جدول سے ظاہر ہوتی ہے؟

ماحولیات کے درجہ استاد کے ذریعہ پوچھے جانے پر ہمارے گھروں میں سب سے زیادہ کون سی چیزیں کھائی جاتی ہیں؟ کئی بچوں نے جواب دیا کہ چاول، دال چپاتی، آلو وغیرہ۔ تب ایک بچے نے کہا کہ ہمارے گھر میں چپاتی کی جگہ چاول زیادہ کھایا جاتا ہے۔ تھوڑی دیر خاموشی کے بعد ہاں، نہیں کا ملا جلا شور ہونے لگا۔ پھر انہوں نے اس بات کی جانچ کرنے کی سوچی اور دوسرے گھنٹی میں آس۔ پاس کے خاندانوں اور اپنے گھروں سے اعداد و شمار جمع کیے۔ انہوں نے ایک جدول بنائی۔

| | |
|---|---|
| روزانہ چاول کھانے والے لوگ | 40 |
| روزانہ چپاتی کھانے والے لوگ | 35 |
| کبھی کبھی چاول کھانے والے لوگ | 20 |
| کبھی کبھی چپاتی کھانے والے لوگ | 10 |

اس جدول کو انہوں نے اپنے استاد کو دکھایا۔ استاد نے کہا اگر کل 75 گھر ہیں تو کیسے ہوسکتا ہے کہ 40 لوگ چاول کھاتے ہوں۔ تب ایک بچے نے کہا ہم دونوں چیزیں کھاتے ہیں تو ہم دونوں میں شمار کیے جائیں گے۔

## اب آپ کیجئے:


اپنے درجہ کے بچوں سے پوچھ کر آپ بھی اسطرح کے جدول بنایئے جدول کے بنیاد پر کچھ سوالات بنایئے اور نتیجہ بتایئے۔

## بار گراف:

سامنے دیئے گئے گراف کو دیکھئے۔ یہ گراف پرائمری اسکول کے بچوں کی درجہ وار تعداد ظاہر کرتا ہے۔ ہر بلاک دی گئی درجہ کے بچوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

Y- محور ہر ایک درجہ میں بچوں کی تعداد بتاتا ہے۔

X- محور درجہ کو بتاتا ہے۔




اس گراف کے مطابق بتائیے ..............................

(i) اسکول میں کل کتنے بچے ہیں؟ ..............................

(ii) سب سے زیادہ بچے کس درجہ میں ہیں؟ ..............................

(iii) سب سے کم بچے کس درجہ میں ہیں؟ ..............................

(iv) کیا ایسے دو درجے ہیں جن میں بچوں کی تعداد برابر ہے؟ ..............................